راہ خدا میں دینے کی نیت سے پالا ہوا جانور بیچنا

مجیب: ابو حفص مولانا محمد عرفان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2713

تاریخ اجراء: 09 ذوالقعدۃ الحرام 1445ھ / 18 مئی 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کوئی شخص راہ خدا میں دینے کے لیے گھر کا جانور پالے، پھر اسے رقم کی اشد ضرورت ہو، اور وہ اس جانور کو بیچ کر ضرورت پوری کرلے اور بعد میں اس طرح کا جانور خرید کر یا اس کی قیمت کسی نیک کام یا راہ خدا میں دے دے، تو کیا اس کیلئے ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

جانور کو راہ خدا میں دینے کیلئے پالنے سے اُس جانور کو راہ خدا میں دینا شرعاً لازم نہیں ہو گا، کیونکہ زیادہ سے زیادہ اس کی حیثیت صرف ایک وعدے اور اچھی نیت کی ہے، لہذا اُس جانور کو بیچ کر اپنی ضرورت میں رقم خرچ کرنا شرعاً جائز ہے، اس میں کوئی ممانعت نہیں۔ نیز ضرورت پوری ہونے کے بعد بھی جانور خرید کر صدقہ کرنا یا اس کی قیمت راہ خدا میں خرچ کرنا لازم نہیں، البتہ اگر اپنی نیت کو پورا کرتے ہوئے، اس کے بدلے دوسرا جانور یا اس کی قیمت راہ خدا میں صدقہ کر دے، تو یہ بہت اچھی بات ہو گی کہ نیک کاموں سے متعلق اچھی نیتوں اور وعدوں کو پورا کر دینا چاہئے۔

سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن سے فتاوی رضویہ میں ایک سوال ہوا کہ کسی نے بکری یا مرغی موجودہ کی نسبت مخصوص کر کے کہا کہ میں اس بکری یا مرغی کی نیاز کروں گا، پھر کسی وجہ سے وہ مفقود ہو گئیں تو بجائے اس کے دوسری بکری مرغی یا گائے وغیرہ کی اسی قدر گوشت سے نیاز ہو گی یا نہیں؟

آپ رحمۃ اللہ علیہ نے جواباً ارشاد فرمایا: "اگر یہ نیاز نہ کسی شرط پر معلق تھی مثلاً میرا یہ کام ہو جائے تو اس جانور کی نذر کروں گا، نہ کوئی ایجاب تھا مثلاً اللہ کے لئے مجھ پر یہ نیاز کرنی لازم ہے جب تو یہ نذر شرعی ہو نہیں سکتی (لہذا ایسی صورت میں اس کا پورا کرنا ہی لازم نہیں)"۔ (فتاوی رضویہ، جلد 13، صفحہ 589، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

سیدی اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن فتاوی رضویہ میں ایک سوال کے جواب میں فرماتے ہیں:

”اس لفظ سے کہ "(یہ گائے) اللہ کی نذر کریں گے" نذر نہ ہوئی محض وعدہ ہوا، مگر اللہ عزوجل سے جو وعدہ کیا اس سے پھرنا بھی ہرگز نہ چاہئے“ (فتاوی رضویہ، جلد13، صفحہ581، رضافاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net